کے پڑھنے والوں کو اندازہ ہوسکتا ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ نے جو اصول وضع کیے، وہ اپنی جگہ محکم ہیں اور پھر حنفی مسلک کے تفقہ علما نے آگے جو کام کیا وہ یونہی بے بنیاد نہیں ہے۔ یہی طرزِ فکر ہمارا دوسرے ائمہ کی بصیرت اور ان کے متوسلین کی خدمات کے متعلق بھی ہے۔ فقہ کا پورا دفتر ہماری میراث ہے اور ہم جملہ اطراف سے طرح طرح سے استفادہ کرکے سنتِ رسول کے قریب تر پہنچ سکتے ہیں۔

مکالماتِ نبویؐ | تالیف: مولانا ابویحیٰی امام خاں نوشہروی (مرحوم)۔ ناشر: مکتبہ نذیریہ، لاہور
صفحات: ۳۱۶ پیپربیک کور۔ قیمت: ۱۸/- روپے

رسولِ برحق صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کو ہمارے لیے نمونہ قرار دیا گیا ہے اور آپ کے اقوال و افعال سنت کی تعریف میں داخل ہیں۔ حضورؐ کی زندگی کے ایک اہم پہلو کو واضح کرنے کے لیے یہ ایک اچھوتا موضوع ہے۔ رسولِ خدا کو دعوت دینے کے مرحلے سے لے کر اسلامی ریاست کو چلانے کے مرحلے تک صدہا بار لوگوں سے مذاکرات و مکالمات کی ضرورت پیش آئی۔ کبھی معترضین و مخالفین کے جواب دیے اور کبھی محبّین اور متبعین سے تبادلۂ خیال فرمایا۔ زیادہ تر صورتوں میں سوال وجواب کا پیرایہ ہے۔ انسانی کلام کی مختلف قسموں میں سے ایک مکالمہ ہے جو دو فریقوں میں ہوتا ہے اور حقیقتوں کی وضاحت کے لیے بہت اچھا پیرایہ ہے۔

جناب امام خاں نوشہروی نے حضورؐ کی زندگی (سنّت اور سوانح) کے ریکارڈ سے پچاس ایسے مکالمے برآمد کرکے مرتب کر دیے ہیں جن سے دین کی بہت سی حقیقتیں سمجھ میں آتی ہیں، نیز ان مکالموں کے بیان میں سیرتِ پاک کے بہت سے اوراق کی جھلک بھی ہے۔

سفرِ شوق | از جناب فرید احمد پراچہ۔ ناشر: البدر پبلیکیشنز۔ ۲۳ راحت مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ قیمت مجلد مع رنگین گرد پوش ۱۵/- روپے

یہ سفرنامۂ حج ہے۔ بہت سے لوگ ایمانی جذبات کے وفور کے زیرِ اثر سفرنامہ ہائے حج لکھتے ہیں